نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کے گندم کاشت مہم کے سلسلے میں ڈویژنل ہیڈکوارٹرز کے خصوصی دورے

وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے گندم پالیسی 2025-26 کی منظوری دے دی ہے اور آئندہ گندم کی خریداری 3500 روپے فی من کے حساب سے کی جائے گی۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور، **27 اکتوبر 2025**: وزیرِ اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر گندم کی کاشت کی مہم کے سلسلے میں وزیرِ زراعت پنجاب اور سیکرٹری زراعت پنجاب نے ڈویژنل ہیڈکوارٹرز کے دورے کر رہے ہیں۔ راولپنڈی میں وزیرِ زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت گندم کی کاشت بارے جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے خصوصی شرکت کی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور کمشنر راولپنڈی ڈویژن محمد عامر خٹک سمیت متعلقہ افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔

وزیرِ زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے گندم پالیسی 2025-26 کی منظوری دے دی ہے اور آئندہ گندم کی خریداری 3500 روپے فی من کے حساب سے کی جائے گی۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں 62 لاکھ میٹرک ٹن گندم کے اسٹریٹجک ذخائر کے لیے خریداری کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کے لیے گندم اب منافع بخش فصل بن چکی ہے، جبکہ بین الاقوامی منظرنامے اور مقامی ضروریات کے پیشِ نظر گندم کی قیمتیں روز بروز مستحکم ہو رہی ہیں۔ پنجاب میں رواں سیزن گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ مارکیٹوں میں گندم کا تصدیق شدہ بیج 5500 روپے فی بیگ میں دستیاب ہے جبکہ کھادیں مقرر کردہ قیمتوں سے کم نرخوں پر وافر مقدار میں میسر ہیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ گھریلو استعمال کے لیے گندم کی بجائے سرٹیفائیڈ بیج ہی استعمال کیا جائے۔ راولپنڈی ڈویژن میں گندم کی کاشت کا ہدف 15 لاکھ 30 ہزار ایکڑ مقرر کیا گیا ہے اور بارانی علاقوں میں گندم کی کاشت کے لیے موسم سازگار ہے۔

اس موقع پر ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے کہا کہ گندم ملکی فوڈ سیکیورٹی کے لیے انتہائی اہم فصل ہے اور پنجاب گندم کی کل ملکی پیداوار میں 70 فیصد سے زائد حصہ رکھتا ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ 7 ارب روپے کی لاگت سے

خطہ ? پوٹھوہار میں ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان پر عملدرآمد جاری ہے، جس سے زرعی ترقی اور دیہی معیشت مستحکم ہو رہی ہے۔
کمشنر راولپنڈی ڈویژن محمد عامر خٹک نے بتایا کہ ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ گندم کی کاشت کے سلسلے میں فعال اور عملی کردار ادا کر رہی ہے۔

اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں نے شرکت کی جبکہ ایڈیشنل کمشنر ریونیو راولپنڈی مسعود احمد بخاری اور تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز آن لائن شریک ہوئے

☆☆☆☆